## ایم کیوایم دکھی انسانیت کی خدمت کی صرف زبانی باتیں نہیں کرتی بلکہ وہ وقت پڑنے پر دکھی انسانیت کی عملی خدمت کرتی ہے۔الطاف حسین

## زیارت میں امدادی سرگرمیوں میں مصروف ایم کیوایم بلوچستان کے کارکنوں، ذمہ داروں،خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،میڈیکل ایڈکمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف سے گفتگو،خراج تحسین

## نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے سربراہ میجر جنرل فاروق خان،فوج کے افسروں، جوانوں اور دیگر تنظیموں کے رضا کاروں کو بھی الطاف حسین خراج تحسین پیش

لندن۔۔۔13 نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کہا ہے کہ ایم کیوایم دکھی انسانیت کی خدمت کی صرف زبانی باتیں نہیں کرتی بلکہ وہ وقت پڑنے پر دکھی انسانیت کی عملی خدمت کرتی ہے۔انہوں نے یہ بات بلوچستان کے زلزلے سے متاثرہ شہر زیارت میں امدادی سرگرمیوں میں مصروف ایم کیوایم بلوچستان کے کارکنوں، ذمہ داروں،خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اور کراچی سے گئی ہوئی امدادی ٹیم میں شامل حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،میڈیکل ایڈکمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے زلزلے کے متاثرین کی بڑھ چڑھ کر امداد کرنے پر تمام افراد کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے متاثرین کی جس طرح رات دن عملی خدمت کی ہے وہ دیگر لوگوں کیلئے ایک مثال ہے اور دکھی انسانوں کی خدمت کا یہ عمل ہی اصل عبادت ہے۔ جناب الطاف حسین نے زلزلہ زدگان کی امداد میں مصروف فوج کے افسروں، جوانوں اور دیگر تنظیموں کے رضا کاروں کو بھی انکے جذبہ خدمت کو پرخراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے امدادی سرگرمیوں کی سرپرستی کرنے اوران میں خصوصی دلچسپی لینے پر نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے سربراہ میجر جنرل فاروق خان کو خصوصی خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے بارے میں بہت پروپیگنڈہ کیا گیا کہ وہ پختونوں کے خلاف ہے لیکن دنیا نے دیکھا کہ جب صوبہ سرحد میں زلزلہ آیا تو ایم کیوایم نے وہاں پختون بھائیوں کی مدد کی اوراب بلوچستان کے پختون علاقوں میں زلزلہ آیا تو ایم کیوایم نے بلوچستان کے متاثرہ پختون بھائیوں کی بھی بھرپور مدد کی اورسب نے دیکھ لیا ہے کہ ایم کیوایم ان کی مخالف نہیں بلکہ ہمدرد جماعت ہے۔انہوں نے کہا کہ پختون ، بلوچ، پنجابی،سرائیکی،کشمیری ،سندھی سارے مظلوم انکے بھائی ہیں اوران کی نظر میں سب برابر ہیں۔ جناب الطاف حسین نے امدادی سرگرمیوں میں تعاون کرنے پر زیارت کے پختون بچوں کو بھی خصوصی شاباش اور خراج تحسین پیش کیا۔

## سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو دنیا کے تین ٹاپ میئر میں شامل کئے جانے پر وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کو فون پر مبارکباد

## مصطفیٰ کمال نے اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرکے دنیا میں کراچی کا ہی نہیں بلکہ پاکستان کا نام روشن کیا ہے،جس پر ہم حق پرست قیادت کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔رحمٰن ملک

## الطاف حسین نے مشیر داخلہ رحمٰن ملک کو جوڑیا بازار، کپڑا مارکیٹ،گھانچی پاڑہ،آئرن مارکیٹ اور ٹمبر مارکیٹ میں غنڈہ عناصر کی جانب سے دکانداروں سے بھتوں کی وصولی اور غنڈہ گردی سے آگاہ کیا

لندن۔۔۔13 نومبر 2008ء۔۔۔وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال کو دنیا کے تین ٹاپ میئر میں شامل کئے جانے پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کو لندن فون کرکے مبارکباد پیش کی۔رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ مصطفےٰ کمال نے اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرکے دنیا میں کراچی کا ہی نہیں بلکہ پاکستان کا نام روشن کیا ہے جس پر ہم آپ کو اور پوری حق پرست قیادت کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے رحمٰن ملک سے کہا کہ ایم کیوایم کے نمائندے اپنی بساط کے مطابق ملک اورعوام کی بے لوث خدمت کررہے ہیں اور مصطفےٰ کمال کو دنیا کا دوسرا بہترین میئر قرار دیا جانا اسی محنت ولگن کا نتیجہ ہے۔ جناب الطاف حسین نے وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک کو جوڑیا بازار، کپڑا مارکیٹ ، گھانچی پاڑہ،آئرن مارکیٹ اور ٹمبر مارکیٹ میں غنڈہ عناصر کی جانب سے دکانداروں سے بھتوں کی وصولی اورغنڈہ گردی سے آگاہ کیا اور دکانداروں کو تحفظ فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ دکانداروں کو ہرممکن تحفظ فراہم کیا جائے گا اورانہیں دھمکیاں دینے والے عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

## سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کا بہترین میئر قرار دیے جانے پر ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی مبارکباد

لندن۔۔۔13 نومبر 2008ء۔۔۔ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش جوائنٹ آرگنائزرز فیض احمد، عظمت بیگ اور ارکین آرگنائزنگ کمیٹی نے معروف امریکی جریدہ فارن پالیسی کی جانب سے حق پرست سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کے تین بہترین میئرز میں شامل کرنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین، ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ سید مصطفیٰ کمال کا دنیا کے بہترین میئرز میں شامل ہونا قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کی کامیابی ہے اور اس کامیابی پر پاکستان بھر کے محبّ وطن عوام فخر محسوس کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب ملک بھر سے غریب ومتوسط طبقہ کے پڑھے لکھے نوجوان منتخب ہوکر پاکستان کے وقار کو دنیا بھر میں بلند کریں گے۔

## سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو ایم کیوایم امریکہ کی مبارکباد

لندن۔۔۔13 نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ یوایس اے کے سینٹرل آرگنائزر اعجاز صدیقی اور اراکین سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی نے اپنے ایک بیان میں ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کے تین بہترین میئرز میں شامل ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ سید مصطفیٰ کمال کی صلاحیتوں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تربیت نے آج اس مقام پر پہنچا دیا ہے کہ کراچی کے میئر کا شمار دنیا کے بہترین میئرز میں ہو رہا ہے۔واضع رہے کہ بین الاقوامی شہرت کے حامل امور خارجہ کے جریدے نے سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کے بہترین میئرز میں شامل کیا ہے جو کہ ملک بھر کے عوام کیلئے باعث فخر ہے۔اس جریدے کے بین الاقوامی سروے میں ان میئرز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا تھا جنھوں نے اپنے شہروں میں شہری ترقی، منصوبہ بندی، فارن انویسٹمنٹ اور بین الاقوامی تعلقات کے مضبوط ہونے میں کردار ادا کیا تھا۔اس سروے میں مصطفیٰ کمال کی پچھلے تین سالوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا تھا اور انکی بہتر کارکردگی کی بناء پر انہیں دنیا کے بہترین میئرز میں شامل کیا گیا ہے۔

## جامعہ نعیمیہ میں متحدہ قومی موومنٹ کے وفد کی اکابر علماء اہلسنت سے ملاقات

## کراچی میں امن وامان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا گیا، شہر کے امن کو قائم رکھنا اولین ترجیح ہونی چاہیے

## کراچی میں امن پورے ملک کے مفاد میں ہے۔قیام امن کیلئے ہر ممکن تعاون کرینگے۔علمائے کرام

کراچی۔۔۔13، نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب، حق پرست صوبائی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی رضا ہارون، صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب اور رکن سندھ اسمبلی شعیب ابراہیم پر مشتمل متحدہ قومی موومنٹ کے چار رکنی نمائندہ وفد نے معروف عالم دین، صدر تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان وچیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پروفیسر مفتی منیب الرحمٰن کی قیادت میں اکابر علماء اہلسنت کے ایک نمائندہ وفد سے دارالعلوم نعیمیہ جا کر ملاقات کی۔ملاقات میں مولانا ڈاکٹر ابوالخیر محمد زبیر، مولانا جمیل احمد نعیمی، مولانا مفتی محمد اطہر نعیمی، مولانا غلام محمد سیالوی، مولانا غلام دستگیر افغانی، مولانا ریحان امجد نعمانی، مولانا لیاقت حسین اظہری، مولانا عبدالقیوم، مفتی محمد الیاس رضوی اشرفی، مولانا رضوان احمد نقشبندی اور مولانا غلام غوث بغدادی شامل تھے۔ملاقات میں شہر کراچی میں امن وامان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا گیا اور اس ضرورت کو اتفاق رائے سے محسوس کیا گیا کہ شہر کراچی کے امن کو قائم رکھنا اولین ترجیح ہونی چاہیے کیونکہ کراچی کی پرامن صورتحال صنعتی، تجارتی، تعلیمی، مذہبی اور سماجی سرگرمیوں کو جاری رکھنے کیلئے اہم ہے جو خود اہل کراچی، صوبہ سندھ اور پورے ملک کے مفاد میں ہے۔علماء نے یقین دہانی کرائی کہ وہ کراچی میں قیام امن کیلئے ہر ممکن تعاون کرینگے جہاں کہیں کسی میں اختلافات ہوئے تو اس کے حل کیلئے اپنا بھرپور اثر ورسوخ استعمال کریں گے۔ملاقات میں اس امر پر بھی اتفاق کیا کہ الجھے ہوئے مسائل کو سلجھانے اور باہمی غلط فہمیوں کے ازالے کیلئے مختلف طبقات میں براہ راست مکالمہ از حد ضروری ہے کیونکہ بعض اوقات تیسرا فریق جو آمادہ فساد ہے دو گروہوں میں غلط فہمی پیدا کرکے تصادم کی فضاء پیدا کردیتا ہے، براہ راست مکالمے، ملاقاتوں اور تبادلہ خیال اسے اس طرح مذموم مفسدانہ کارروائیوں کا سد باب ہوسکتا ہے۔اس پر بھی اتفاق کیا گیا کہ کراچی میں ترقیاتی کاموں کا جو تسلسل گزشتہ چند سالوں سے جاری ہے اور جیسے عالمی سطح پر بجا طور پر سراہا گیا ہے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے تعاون سے اسے آئندہ بھی بلا روک ٹوک جاری رہنا چاہیے۔

## حیدرعباس رضوی اور رشید گوڈیل کی اسپیکر قومی اسمبلی ڈاکٹر فہمیدہ مرزا سے ملاقات

## ایم کیوایم کی جانب سے باجوڑ ایجنسی ریلیف فنڈ میں 5لاکھ روپے کا عطیہ

اسلام آباد۔۔۔13،نومبر 2008ء۔۔۔قومی اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر سید حیدر عباس رضوی نے اسپیکر قومی اسمبلی ڈاکٹر فہمیدہ مرزا سے انکے چیمبر میں ملاقات کی اور انہیں باجوڑ ایجنسی میں دہشت گردی سے متاثرہ خاندانوں کیلئے قائم کئے گئے ریلیف فنڈ میں ایم کیوایم قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے 5لاکھ روپے کا امدادی چیک پیش کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کے رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل بھی ان کے ہمراہ تھے۔اسپیکر قومی اسمبلی ڈاکٹر فہمیدہ مرزا نے باجوڑ ایجنسی کے متاثرین کیلئے مالی امداد پر جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔انہوں نے بلوچستان کے زلزلہ زدگان کیلئے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کی تعریف کی اور ایم کیوایم کے جذبہ خدمت کو سراہا۔واضح رہے کہ ایم کیوایم کی جانب سے اس سے قبل بھی باجوڑ ایجنسی کے متاثرین کیلئے وزیراعظم کے ریلیف فنڈ میں دس لاکھ روپے کا امدادی چیک وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی کو دیا جاچکا ہے۔

## انقلابی تحریکوں میں خواتین کا کردار ہمیشہ مثالی رہا ہے، ہیر اسمٰعیل، عابدہ سیف

## خواتین،سندھ کی دھرتی پر طالبانائزیشن کی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گی

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کے زیراہتمام حیدرآباد سٹی آفس میں خواتین کارکنان کا اجلاس

حیدرآباد۔۔۔13،نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین حیدرآباد زون کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ ایم کیوایم کی خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجلاس میں ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی ارکان حق پرست رکن صوبائی محترمہ ہیر اسماعیل سوہو اور سابق حق پرست سینیٹر عابدہ سیف نے بھی شرکت کی۔اجلاس میں ملک کے موجودہ سیاسی ومعاشی حالات،انقلابی تحریکوں میں خواتین کے کردار،ایم کیوایم کے عملی جدوجہد اور سندھ خصوصاً کراچی میں طالبانائزیشن کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں پر غور وخوض کیا گیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہیر اسماعیل سوہو اور عابدہ سیف نے کہا کہ انقلابی تحریکوں میں خواتین کا کردار ہمیشہ مثالی رہا ہے اور ایم کیوایم کی جدوجہد میں خواتین کا کردار فراموش نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ سندھ صوفیوں کی دھرتی ہے اور صوفیائے کرام نے ہمیشہ مذہبی رواداری،فرقہ وارانہ ہم آہنگی،امن وآشتی اور بھائی چارے کا درس دیا ہے اور سندھ کی دھرتی میں مذہبی انتہاء پسندوں کیلئے کوئی گنجائش نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ سندھ دھرتی کی مائیں بہنیں باشعور ہیں اور وہ سندھ کی دھرتی پر طالبانائزیشن کی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گی اور جو عناصر سندھ دھرتی پر خودساختہ کلاشنکوف بردار شریعت نافذ کرنے کی سازش کررہے ہیں وہ اسلام اور مسلمانوں کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد میں حق پرست خواتین نے بہادرانہ کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی حق پرست خواتین ہر کڑے اور مشکل وقت میں اپنے بھائیوں کے شانہ بشانہ اپنا بھرپور کردار ادا کریں گی۔

## ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے کارکن محمد اکرم شہید سپرد خاک،سوئم کل ہوگا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی،صوبائی وزراء،اراکین اسمبلی اور ٹاؤن نمائندوں کے علاوہ دیگر کی شرکت

کراچی۔۔۔13،نومبر 2008ء۔۔۔گزشتہ روز مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے متحدہ قومی موومنٹ قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ125 کے کارکن محمد اکرم شہید کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان اورنگی ٹاؤن نمبر10 کے الفتح قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر جامع مسجد مدنی اورنگی ٹاؤن میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شکیل عمر،نیک محمد،حق پرست صوبائی وزراء عبدالحسیب،عبدالرؤف صدیقی،ڈاکٹر محمد علی شاہ،خالد عمر،اراکین اسمبلی خواجہ سہیل منصور،منظر امام،مظاہر امیر،رضا حیدر،اورنگی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم،نائب ٹاؤن ناظم،یوسی ناظمین،نائب یوسی ناظمین،کونسلرز،کراچی تنظیمی کمیٹی،قصبہ علیگڑھ،اورنگی سیکٹرز کمیٹی کے ارکان،علاقائی ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء محمد اکرم شہید کا سوئم کل 14نومبر بعد نماز جمعہ جامعہ مسجد مدنی میں ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی جائے گی،خواتین کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اہتمام شہید کی رہائشگاہ پر ہے۔

☆☆☆☆☆